# ساہتیہ اکیڈمی میں یوم قومی اتحاد کے موقع پر حلف برداری کی تقریب

نئی دہلی (اسٹاف رپورٹر) یوم قومی اتحاد کے موقع پر ساہتیہ اکیڈمی، نئی دہلی دفتر میں قومی اتحاد کی حلف برداری کی تقریب منعقد ہوئی۔ اکیڈمی کے سکریٹری کے سری نیواس راؤ نے وہاں موجود افسران اور ملازمین کو ملک کی




ساہتیہ اکیڈمی کے سکریٹری کے سری نواس راؤ افسران وملازمین کو حلف دلاتے ہوئے

سلامتی، اتحاد اور سالمیت کو یقینی بنانے کا حلف دلایا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں کے سری نواس راؤ نے کہا کہ قومی اتحاد ہمارے لیے بنیادی اہمیت کا حامل ہے اور اسے برقرار رکھنے کے لیے اپنی سالمیت کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے اکیڈمی کے تمام ملازمین سے درخواست کی کہ وہ اپنے اتحاد کی طاقت کو پہچانیں اور اس حلف کے ذریعے اسے منظم رکھیں۔ واضح رہے کہ سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یوم پیدائش ۳۱ اکتوبر کو ہر سال پورے ملک میں یوم قومی اتحاد کے طور پر بڑے جوش وخروش کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی وزیر داخلہ امت شاہ نے اس دن کو بڑے جوش وخروش سے منانے کی اپیل کی تھی۔